بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن،ساہیوال

نمبر— 2887 / اے-ایس-آر
مورخہ 02-10-2024

منجانب: سیکرٹری

بجانب: جملہ سربراہان کالجز / ہائرسیکنڈری سکولز ملحقہ ساہیوال بورڈ

عنوان: **گیارہویں جماعت میں بطورریگولرری ایڈمیشن / ری انرولمنٹ کاشیڈول برائے سیشن 26-2024ء**

جملہ متعلقین کومطلع کیا جاتا ہے کہ ساہیوال بورڈ کی طرف سے گیارہویں جماعت سیشن 26-2024ء میں بطورریگولرری ایڈمیشن / ری انرولمنٹ کے لیے درج ذیل شیڈول جاری کیا جارہا ہے۔اس سے قبل بھی گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن کے لیے ساہیوال بورڈ نے بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر 1042 / اے ایس آر مورخہ 03-08-2024 کی شق نمبر 18 کے تحت تمام ادارہ جات کومطلع کردیا تھا۔تاہم مزید یاددہانی کے لیے گیارہویں جماعت کاری ایڈمیشن شیڈول درج ذیل ہے:

شیڈول	تعلیمی اداروں میں داخلہ کی تاریخ	تعلیمی اداروں میں ری ایڈمیشن کرنے ، انرولمنٹ آن لائن کرنے ، فیس کا آن لائن چالان بنک میں جمع کروانے اورآن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی بمعہ جمع شدہ فیس کااصل بنک چالان بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ
گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن/ری انرولمنٹ	02-10-2024 تا 31-10-2024	31-10-2024

ہدایات و قواعد و ضوابط :

1- اس سال گیارہویں جماعت سالانہ امتحان 2020ء اور اس کے بعد گیارہویں امتحان میں پاس / فیل / غیر حاضر اور بطور ریگولر آن لائن رجسٹرڈ طلباء و طالبات کو مورخہ 31-10-2024 تک گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن کیا جاسکتا ہے۔واضح رہے کہ بارہویں جماعت کا داخلہ بھیجنے والے اور سابقہ سیشنز میں ری ایڈمیشن کی سہولت حاصل کر لینے والے طلباء وطالبات اب دوبارہ گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن کے اہل نہ ہیں۔نیز گیارہویں جماعت میں پاس اُمیدواران انٹر برانچ سے اپنا رزلٹ منسوخ کروانے کے بعد ری ایڈمیشن حاصل کرسکتے ہیں۔واضح رہے کہ اس شیڈول میں کسی بھی فریش طالب علم / طالبہ کو داخل نہیں کیا جاسکتا۔

2- ری ایڈمیشن / انرولمنٹ فیس مبلغ-/2230 روپے ہے۔مضمون / گروپ تبدیل کرنے کی صورت میں فی مضمون درستی کی فیس مبلغ-/2400 روپے اور گروپ درستی کی فیس مبلغ -/2200 روپے بھی عائد ہوگی۔

3- انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور انرولمنٹ فیس کا جمع شدہ اصل بنک چالان مورخہ 31-10-2024 کے بعد بورڈ ہذا میں جمع کروانے کی صورت میں مبلغ-/500 روپے فی صفحہ جرمانہ عائد ہوگا۔واضح رہے کہ صرف آن لائن ریٹرن کی تصدیق شدہ کاپی ہی قابل قبول ہوگی مینوئل ریٹرن قابلِ قبول نہیں ہوگی۔

4- سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ سابقہ سیشنز کے طلباء وطالبات کے ری ایڈمیشن کی صورت میں طلباء وطالبات سے سیشن گیپ ہونے کی صورت میں اس امر کا ''کہ اُنہوں نے سیشن گیپ کے دوران ساہیوال بورڈ یا کسی بھی دوسرے بورڈ میں بارہویں جماعت کا داخلہ نہ بھیجا ہے اور نہ ہی امتحان دیا ہے'' کا اصل بیانِ حلفی تصدیق شدہ مجسٹریٹ درجہ اوّل انرولمنٹ ریٹرن کی مصدقہ کاپی کے ساتھ ضرور ارسال کریں۔بصورتِ دیگر انرولمنٹ ریٹرن قابلِ قبول نہ ہوگی۔

لیٹ ری ایڈمیشن: مورخہ 31-10-2024 کے بعد اور امتحانی داخلہ فارمز کے جاری ہونے والے شیڈول کی سنگل فیس کی آخری تاریخ تک انرولمنٹ فیس کے علاوہ مبلغ-/200 روپے یومیہ فی طالب علم / طالبہ جرمانہ کے ساتھ ری ایڈمیشن کیا جاسکتا ہے۔اس کے بعد ری ایڈمیشن کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی۔

راؤ علی ریاض
سیکرٹری بورڈ

کاپی برائے اطلاع:-

1- جملہ سیکرٹریز، پنجاب بورڈز بشمول میرپور (آزاد جموں وکشمیر بورڈ)
2- جناب چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) ساہیوال، پاکپتن، اوکاڑہ
3- جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، ساہیوال (25 کاپیاں برائے اشاعت قومی ومقامی اخبارات)
4- پی-ایس برائے چیئرمین
5- پی-اے برائے سیکرٹری
6- پی-اے برائے کنٹرولر امتحانات
7- ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز) ساہیوال ڈویژن، ساہیوال
8- جملہ آفیسران بورڈ ہذا
9- سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)